# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: شمائل رسول ﷺ (3905) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1-4)

سوال نمبر1۔ شمائل کا معنی ومفہوم اور اقسام بیان کرتے ہوئے شمائلِ نبوی ﷺ پر لکھی گئی اہم کتب کا تعارف کروائیں۔ (20)

سوال نمبر2۔رسول اللہ ﷺ کے روزمرہ معمولات میں کھانے پینے، نشست وبرخاست اور لباس مبارک کی عادات تحریر کریں۔(20)

سوال نمبر3۔زہد وتقویٰ کا معنی بیان کرتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کی مال ودولت سے بے رغبتی کے واقعات واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔رسول اللہ ﷺ کی نماز، روزے اور صدقہ وزکوٰۃ کی حالت اور معمولات پر مفصل روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر5۔رسول اللہ ﷺ کے کلام مبارک کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر1۔ نبوی اسلوبِ مزاح کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کس قسم کے تمسخر اور مزاح سے منع فرمایا ہے؟
(20)

سوال نمبر2۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات سے رسول اللہ ﷺ کے حلیہ مبارک اور رنگت کی تفصیلات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ حضرت انس اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہم کے بیانات کی روشنی میں حلیہ مبارک تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ رسول اللہ ﷺ کی نسبی خصوصیات، مقام ومرتبہ اور نبوت کے امتیازی فضائل وخصائص تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔رسول اللہ ﷺ کے مرض الوفات کی نصائح اور ان کی اہمیت بیان کریں۔ (20)